© rasailojaraid.com



مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی

# تعارف و تبصرہ کتب

**مقالات (پشتو)** تالیف: شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید مدظلہ ـــ صفحات ۸۰ ـــ قیمت ۱۰/- روپے
ناشر: مؤتمر المصنفین، دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، تحصیل و ضلع نوشہرہ

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد فرید صاحب ایک عظیم علمی شخصیت، مفتیٔ اعظم اور شیخ الحدیث ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے درس و تدریس، تفقہ فی الدین، علم طریقت و تصوف میں مہارت کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف اور علم حدیث کی اہم کتب پر شروح و تعلیقات کی عظیم صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ موصوف کی سنن ترمذی کی عربی شرح منہاج السنن چار جلدوں میں ہے جو کہ علمی و دینی حلقوں اور طالبانِ علوم نبوت میں بیحد مقبول ہے، ھدیۃ القاری کو بھی استناد کا درجہ حاصل ہے۔ پیشِ نظر تالیف "مقالات" موصوف کے جدید و قدیم اہم موضوعات اور عہدِ حاضر میں غلو اور افراط و تفریط اور تعصبات پر مبنی بعض آراء میں قرآن و سنت سے ماخوذ مسلکِ اعتدال کی توضیح کی گئی ہے۔

پشتو زبان کے اختیار کرنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ سرحد، بلوچستان اور افغانستان کے لوگوں کو بھی علمی اور دینی کتب سے استفادہ کا زیادہ سے زیادہ موقع میسر ہو۔ توقع ہے کہ مولانا مفتی رشید احمد صاحب مدظلہ استاذ دار العلوم حقانیہ اس کی اردو اشاعت کا بھی خصوصیت سے اہتمام کریں گے تاکہ اس سے زیادہ سے زیادہ نفع اہلِ اسلام حاصل کر سکیں۔ (ر غ، ق)

**ارمغان حنیف** مرتبہ: محمد اسحٰق بھٹی ـــ صفحات: ۳۷۲ ـــ قیمت ۱۰۰/- روپے ـــ طباعت دیدہ زیب
ملنے کا پتہ: ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ لاہور

مولانا محمد حنیف ندوی برصغیر کے ممتاز نامور اور مایۂ ناز محقق اور عظیم دینی سکالر تھے۔ وہ بیک وقت لغاتِ قرآن کے ماہر، تفسیر کے عالم، فلسفہ و کلام (جدید و قدیم) کی موشگافیوں کے رمز شناس، علوم حدیث کے ممتاز نکتہ رس، میدانِ تحقیق و ادب کے شہسوار، بلند پایہ مصنف، سحر طراز مترجم، پختہ کار نقاد، مشکل پسند مقالہ نگار اور وسیع المشرب بزرگ تھے۔ گوناگوں مختلف اور نادر موضوعات پر آپ کے قلم کی جولانی قابلِ داد بھی ہے اور قابلِ دید بھی۔ آپ کی درجنوں کتابیں ہر طبقہ اور ہر مکتبۂ فکر کے لیے یکساں باعثِ تسکین ہیں۔ غزالیات اور قدیم فلسفہ پر آپ کی حیثیت ایک اتھارٹی کی ہے۔ آپ کا زیادہ تر شغف گو کہ فلسفہ و کلام جیسے ادق اور خشک موضوعات سے رہا، مگر اس کے باوصف آپ اپنے بے تکلف ساتھیوں کی محفل اپنی بذلہ سنجی، شائستہ اور لطیف مزاح و ظرافت سے محظوظ فرماتے۔



© rasailojaraid.com